18/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے تنازعات کے پرامن حل کی پرزور وکالت کرتے ہوئے کہا کہ چاہے یورپ ہو یا ایشیا، جنگ کے میدان میں کوئی بھی حل تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کے لئے قابل عمل راستے ہیں۔ Dvori Banski میں Plenkovic Andrej کروشیا کے اپنے ہم منصب کے ساتھ وفد سطح کی بات چیت کے بعد جاری ایک مشترکہ بیان میں نریندر مودی نے دہشت پسندی کو انسانیت کا دشمن قرار دیا۔ انہوں نے پہلگام میں 22 اپریل کو ہوئے حملے کے بعد بھارت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کے لئے کروشیا کی قیادت اور عوام کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان زراعت ،ثقافتی تبادلے ، Zagreb سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں نیز یونیورسٹی آف میں ہندی چیئر کے قیام سے متعلق چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم قبرص، کینیڈا اور کروشیا کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کر کے نئی دلی واپس لوٹ رہے ہیں ۔

ایران

Yerevan سے ایک آپریشن سندھو کے تحت ایران سے نکالے گئے 110 بھارتی طالب علم خصوصی طیارے کے ذریعے آج صبح نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ جہاں امور خارجہ کے وزیر Kirti Vardan نے ان کا خیر مقدم کیا اور ان سے بات چیت کی ۔ ان میں جموں کشمیر کے مملکت طالب علم بھی شامل ہیں۔ ان طالب علموں کو نئی دلی سے خصوصی بسوں کے ذریعے اپنے آبائی علاقوں تک روانہ کیا جا رہا ہے ۔جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے طالب علم زہران بَٹ اور تمحید اسلام نے وزارت خارجہ کی طرف سے کئے گئے انتظامات کی تعریف کرتے ہوئے مرکزی حکومت کا شکریہ کیا ہے۔

-----َ

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آنے والے محرم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے سول سیکرٹریٹ سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ محرم تقریبات کا احسن انعقاد تمام لازمی انتظامات بہتر کار کردگی اور انتہائی چوکسی کے ساتھ یقینی بنائیں ۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ انتظامی توجہ محرم کے صرف دس دن تک محدود نہیں ہونی چاہئے بلکہ محرم تقریبات دو ماہ اور آٹھ دن تک ہیں۔
میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، کابینی وزراء،وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور پولیس و سول انتظامیہ کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

یوگا

21 جون کو یوگا کے بین الاقوامی دن کو تاریخی بنانے کے لئے گرام پنچایتیں بڑے پیمانے پر لوگوں کو تحریک دے کر پوری طرح تیار ہے۔ یوگا میں بھاری عوامی شرکت یقینی بنانے کے لئے پچھلے مہینے وزیر اعظم نریندر مودی کی اپیل پر ملک بھر کی گرام پنچایتیں جوش و خروش کے ساتھ خصوصی یوگا سیشنز کا اہتمام کر رہی ہیں۔

یوگا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لیونگ نامی ادارے کی ریجنل ڈائریکٹروندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Vandna Daftari........

ورکشاپ

SKICC پر دو " Exercise سرینگر میں" سائبر کرائسس منیجمنٹ پلان ورکشاپ اور سائبرسیکورٹی روزہ ورکشاپ اختتام پذیر ہوا ۔ ورکشاپ کے افتتاحی سیشن کی صدارت اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے کی ۔ انہوں نے اس اقدام کو جموں کشمیر کی ڈیجیٹل حکمرانی کے سفر میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا ۔ اس موقعہ پر اطلاعاتی ٹیکنالوجی محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر پیوش سنگلا اور خوراک ، رسدات اور امور صارفین کے کمشنر سکریٹری سوربھ بھگت نے موجودہ ڈیجیٹل دور میں بہتر حکمرانی کے نظام کے لئے سائبر سکیورٹی کی اہمیت اجا گر کی ۔

اطلاع

اعلیٰ تعلیمی محکمے نے ڈگری کالجوں میں تعلیمی سال 2025-26 کے لئے لیکچرروں ، ٹیچنگ اسسٹنٹوں ، PTIs اور Librarians کی Need Based Engagement کے لئے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں ۔ درخواستیں 25 جون سے 10 جولائی تک آن لائن پورٹل jkaa.directorcollegesjk.in پر جمع کی جا سکتی ہیں ۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچاتی راج محکمے کے سکریٹری محمد اعجاز اسد نے ضلعی افسران کو ہدایت دی کہ وہ صد فیصد بروقت ادائیگیوں کو یقینی بنائے اور تاخیر کے معاوضے کے واجبات کو فوری طور پر طے کریں۔ جموں و کشمیرمیں مہاتما گاندھی نیشنل رورل ایمپلائمنٹ گارنٹی ایکٹ کے نفاذ کا ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے سکریٹری موصوف نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کی جگہوں کا متواتر طور معائینہ کریں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ